مزید فیہ: اٰمَنَ

اب ہم مزید فیہ میں اٰمَنَ کے مختلف صیغے بنائیں گے (أَمِنَ ← اٰمَنَ)۔ یہ أَسْلَمَ کے وزن پر ہے مگر اس میں ایک ہمزہ بھی ہے۔

- ماضی کی چابی: دو ہمزہ جمع ہو جائیں تو دوسرا مد بن جاتا ہے، آسانی کے لیے۔ جیسے أَأْمَنَ ← اٰمَنَ، بقیہ صیغے اسی طرح!
- مضارع کی چابی: يُؤْمِنُ۔ ایک اور تبدیلی کو نوٹ کیجیے: أُأْمِنُ ← أُوْمِنُ یعنی ہمزہ مد بن گیا۔
- امر کی چابی: اٰمِنْ۔ ماضی کی چابی کے آخری حرف کو ساکن کیجیے اور اس سے پہلے حرف کو زیر لگائیے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: مضارع کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُؤْمِن، مُؤْمَن

اٰمَنَ: وہ ایمان لایا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضٍ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
اٰمَنَ	وہ ایمان لایا	يُؤْمِنُ	وہ ایمان لاتا ہے	اٰمِنْ	ایمان لا!
اٰمَنُوْا	وہ سب ایمان لائے	يُؤْمِنُوْنَ	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اٰمِنُوْا	ایمان لاؤ!
اٰمَنْتَ	آپ ایمان لائے	تُؤْمِنُ	آپ ایمان لاتے ہیں	لَا تُؤْمِنْ	مت ایمان لا!
اٰمَنْتُ	میں ایمان لایا	أُوْمِنُ	میں ایمان لاتا ہوں	لَا تُؤْمِنُوْا	مت ایمان لاؤ!
اٰمَنْتُمْ	آپ سب ایمان لائے	تُؤْمِنُوْنَ	آپ سب ایمان لاتے ہیں	مُؤْمِن	ایمان لانے والا
اٰمَنَّا	ہم سب ایمان لائے	نُؤْمِنُ	ہم سب ایمان لاتے ہیں	مُؤْمَن بِهٖ	جس پر ایمان لایا جائے
اٰمَنَتْ	وہ ایمان لائی	تُؤْمِنُ	وہ عورت ایمان لاتی ہے	إِيْمَان	ایمان لانا

عربی بول چال

هَلْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ؟	نَعَمْ، اٰمَنَ بِاللّٰهِ.
هَلْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ؟	نَعَمْ، اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ.
هَلْ اٰمَنْتَ بِاللّٰهِ؟	نَعَمْ، اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ.
هَلْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ؟	نَعَمْ، اٰمَنَّا بِاللّٰهِ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ؟ نَعَمْ، يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ.
- فعل امر: اٰمِنُوْا بِالْاٰخِرَةِ! نُؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُؤْمِنٌ بِالْاٰخِرَةِ؟ نَعَمْ، أَنَا مُؤْمِنٌ بِالْاٰخِرَةِ.

اٰمَنَ اور أَسْلَمَ ہی کی طرح أَنْفَقَ (اس نے خرچ کیا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔